© rasailojaraid.com



کرام کو صرف ۵۰ روپے میں سال بھر کے لیے رسالہ جاری کیا جائے گا۔

رابطہ و ترسیل زر کے لیے پتہ: مولانا عبدالرشید انصاری، مسجد عائشہ صدیقہ سیکٹر II-B نارتھ کراچی

## صرف ابتدائی (اردو)

تالیف: مولانا عبدالرحمن ظفر

ناشر: جامعہ علوم اسلامیہ چک نمبر ۲۰۸ فیصل آباد

ملنے کا پتہ: مکتبہ اسلامیہ بھوانہ بازار فیصل آباد

ضخامت: ۵۶ صفحات۔ قیمت: ۱۵ روپے

کسی بھی زبان کی تعلیم کے لیے اس کے قواعد و ضوابط (گرامر) کو کلیدی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔ مدارس دینیہ کا نصاب تعلیم عربی اور فارسی زبانوں میں ہے۔ ظاہر ہے اس کو سمجھنے اور سیکھنے کے لیے جب تک قواعد و ضوابط سے آشنائی نہ ہو تو بہت دشواری پیش آئے گی۔ "صرف" بھی گرامر کی کتاب ہے یہ فارسی زبان میں ہے اور بہاء الدین آملی شیعہ کی تصنیف ہے جو صرف بہائی کے نام سے معروف ہے۔

مولانا محمد عبدالرحمن ظفر اس موضوع کے حوالے سے معروف اور مستند سمجھے جاتے ہیں۔ انہوں نے نہایت محنت سے ان قواعد و ضوابط کو اردو زبان میں منتقل کر دیا ہے۔

طلباء کی آسانی کے لیے تمرین کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔ مدارس عربیہ کی ابتدائی کلاسوں کے طلباء کے لئے بہترین کتاب ہے۔

## طبی استفسارات

مرتب: حکیم محمد یسین زبدۃ الحکما

توضیح: حکیم محمد عارف دنیا پوری

ضخامت: ۱۶۰ صفحات قیمت: ۵۰ روپے

ملنے کا پتہ: یسین دواخانہ ریلوے روڈ دنیا پور ضلع لودھراں

محترم حکیم محمد یسین حکیم انقلاب صابر ملتانی کے شاگرد رشید ہیں اور انکے مفرد طریقہ علاج کے منادو مبلغ ہیں۔

ماہنامہ قانون مفرد اعضاء کے مدیر اعلیٰ ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب اسی ماہنامے کی خاص اشاعت ہے جو فروری ۱۹۹۹ء میں منصہ شہود پر آئی ہے۔

حکیم صاحب کے بقول:

"اس کتاب میں قانون مفرد اعضاء کے تحت طب کے ہر موضوع پر سوالات کے جوابات مختصر اور جامع انداز میں دیئے گئے ہیں۔" یہ خالص علمی فنی تحقیقاتی کتاب ہے جس میں قانون مفرد اعضاء کے تحت ان سوالات کے جواب پیش کئے گئے ہیں جو قارئین نے ان سے پوچھے ہیں۔ ہر سوال کا جواب مختصر اور عام فہم زبان میں ہے، مرض، علامات تشخیص اور علاج اس میں موجود ہے۔

ایک عام شخص اس کے مطالعہ سے بڑی آسانی کے ساتھ تشخیص کے بعد اپنا علاج خود کر سکتا ہے۔

قادیان سے اسرائیل تک

(ابو مدثرہ) =/۶۰ روپے

بخاری اکیڈمی: دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان فون: ۵۱۱۹۶۱-۰۶۱

© rasailojaraid.com